وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے ترا ذکر ہے اونچا تیرا

الحمدللہ کہ کتاب لاجواب نافع شیخ وشاب مفید عاقل موقظ غافل
مسمّٰی بہ

جَاءَ الۡحَقُّ وَزَهَقَ الۡبَاطِلُ

المعروف

فیصلہ مسائل

(جلد اول)

اضافات جدیدہ و ضمیمہ عجیبہ کے ساتھ
جس میں موجودہ زمانہ کے عام مختلف فیہ مسائل کا نہائت محققانہ مدلّل فیصلہ کر دیا گیا ہے

مصنّفہ

حضرت حکیم الامت مولٰنا المفتی الحاج احمد یار خاں صاحب اوجھانوی بدایونی مدظلہ
سرپرست مدرسہ غوثیہ گجرات پاکستان

باھتمام
محمد اقتدار خاں عرف مصطفٰے میاں
ناشر:۔ مفتی اقتدار احمد خان مالک نعیمی کتب خانہ گجرات

خَرِسَتْ اَلْسِنَتُهُمْ عَنْ كُلِّ كَلَامٍ فَاِذَا وَجَدْنَا جَمَاعَةً بِهٰذِهِ الصِّفَةِ فَلِذٰلِكَ يَا اَخِيْ عَلَيْنَا اَنْ لَّا نَأْمُرَهُمْ بِقِرَاءَةٍ وَّلَا ذِكْرٍ

رہتی تھی۔ اور ان کی زبانیں گونگی ہو جاتی تھیں اگر ہم آج اس صفت کے لوگ پالیں تو ہم انکو قرآن پڑھنے اور ذکر کرنے کا حکم نہ دیں گے۔

سبحان اللہ کیا نفیس فیصلہ فرمایا۔ کیسے کیا آجکل لوگوں کا یہ حال ہے۔ حضرت شیخ عثمان بحیری شرح اقتناع کے حاشیہ جلد دوم میں فرماتے ہیں (قَوْلُهٗ وَكُرِهَ لَغَطٌ فِي الْجَنَازَةِ) قَوْلُهٗ لَغَطٌ اَيْ رَفْعُ صَوْتٍ وَلَوْ بِقُرْاٰنٍ اَوْ ذِكْرٍ اَوْ صَلٰوةٍ عَلَى النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَامُ

وَهٰذَا بِاعْتِبَارِ مَا كَانَ فِي الصَّدْرِ الْاَوَّلِ وَاِلَّا فَالْاٰنَ لَا بَأْسَ بِذٰلِكَ لِاَنَّهٗ شِعَارُ الْمَيِّتِ لِاَنَّ تَرْكَهٗ مُزْدَرِيَةٌ بِهٖ وَلَوْ قِيْلَ بِوُجُوْبِهٖ لَمْ يُبْعَدْ كَمَا نَقَلَهُ الْمَدَابِغِيُّ۔

یعنی جنازے کے ساتھ شور کرنا مکروہ ہے خواہ یہ شور قرآن خوانی سے ہو یا ذکر اللہ سے یا درود خوانی سے۔ یہ حکم اس حالت کے لحاظ سے ہے۔ جو کہ پہلے زمانہ میں مسلمانوں کی تھی۔

ورنہ اس زمانہ میں اب اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ ذکر بالجہر میت کی علامت ہے اس کے چھوڑنے میں میت کی توہین ہے لہذا اس کو اگر ضروری بھی کہا جاوے تو بھی بعید نہیں۔ جیسا کہ مدابغی علیہ الرحمہ سے نقل فرمایا۔

امام شعرانی نے عہود مشائخ میں فرمایا۔

فَمِمَّا اَحْدَثَهُ الْمُسْلِمُوْنَ وَاسْتَحْسَنُوْهُ قَوْلُهُمْ اَمَامَ الْجَنَازَةِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَوْ وَسِيْلَتُنَا يَوْمَ الْعَرْضِ عَلَى اللّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَنَحْوُ ذٰلِكَ فَمِثْلُ هٰذَا لَا يَجِبُ اِنْكَارُهٗ فِيْ هٰذَا الزَّمَانِ لِاَنَّهُمْ اِنْ لَّمْ يَشْتَغِلُوْا بِذٰلِكَ اِشْتَغَلُوْا بِحَدِيْثِ الدُّنْيَا وَذٰلِكَ لِاَنَّ قَلْبَهُمْ فَارِغٌ مِّنْ ذِكْرِ الْمَوْتِ بَلْ يَعِيْبُ بَعْضُهُمْ يَضْحَكُ

مسلمانوں نے جس کام کو اچھا سمجھ کر ایجاد کیا ہے وہ یہ ہے کہ جنازے کے آگے کہتے ہیں لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ یا یہ کہتے ہیں کہ خدا کے سامنے قیامت کے دن ہمارا وسیلہ یہ ہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ یا اسی طرح اور ذکر۔ اس زمانہ میں

اَمَامَ الْجَنَازَۃِ وَ یَمْزَحُ ۔ | اس سے منع کرنا ضروری نہیں ۔ کیونکہ اگر وہ لوگ

اس ذکر میں مشغول نہ ہوئے تو دنیاوی باتیں کریں گے کیونکہ ان کے دل موت کی یاد سے خالی ہیں ۔ بلکہ ہم نے تو بعض لوگوں کو جنازے کے آگے ہنستے ہوئے اور مذاق کرتے ہوئے دیکھا ہے

امام شعرانی قدس سرہٗ نے جو اپنے زمانہ کا حال بیان فرمایا اُس سے بدتر حال آج ہے میں نے بعض جگہ دیکھا کہ قبر میں دیر تھی ۔ لوگ علیحدہ علیحدہ جماعتیں بن کر بیٹھ گئے اور باتوں میں ایسے مشغول ہوئے کہ معلوم ہوتا تھا کہ بازار لگا ہوا ہے ۔ بعض لوگ زمین پر لکیریں کھینچکر کنکریوں سے کھیلنا چاہتے تھے اس حالت کو دیکھ کر میں نے سب کو جمع کر کے وعظ کہنا شروع کر دیا ۔ لوگوں کو تجہیز و تکفین کے احکام بتلائے ۔ اس سے یہ ہی بہتر تھا ۔

لطیفہ ۔ مخالفین جنازے کے ساتھ ذکر اللہ کرنے کو تو بدعت اور حرام کہتے ہیں ۔ مگر باتیں کرنا کبھی مسائل بیان کرنا ، کبھی شرک و بدعت کے فتوے سنانا ، لوگوں کے آپس میں ہنسی مذاق کرنے کو نہ منع کرتے ہیں نہ اس کو برا کہتے ہیں ۔ حالانکہ فقہاء بالکل خاموش رہنے کا حکم دیتے ہیں ۔ جیسا کہ اس اعتراض میں نقل کی ہوئی عبارات سے معلوم ہوا ۔ یہ الٹی گنگا کیوں بہہ رہی ہے کہ کلام ، سلام ، ہنسی ، مذاق ، وعظ و فتاوٰی تو سب جائز ۔ حرام ہے تو ذکر اللہ ۔ خدا سمجھ دے ۔

نوٹ ضروری ۔ شاید کوئی کہے کہ اسلامی احکام تو کبھی بدلتے نہیں پھر یہ تبدیلی کیسی ؟ اس کا جواب ہم پہلے دے چکے ہیں کہ جو احکام کسی علت کے بدلنے سے بدل جائیں گے ۔ جیسے کہ اول زمانہ میں نماز پڑھانے ، تعلیم قرآن دینے وغیرہ پر اجرت لینا حرام تھی ۔ اب جائز ہے ۔ اسی طرح مقابر اولیاء اللہ پر چادریں ڈالنا اب ضرورۃً زمانہ کے لحاظ سے جائز ہیں اسی طرح ماہ رمضان میں ختم قرآن پر دعائیں مانگنا جائز قرار دی گئیں ۔ قرآن پاک میں آیات اور رکوع اور سورتوں کے نام لکھنا زمانہ سلف میں نہ تھا لیکن اب عوام کے فائدے کا لحاظ کر کے جائز قرار دیا گیا ۔ عالمگیری کتاب الکراہیت باب آداب المصحف میں ہے ۔

لَا بَأْسَ بِكِتَابَةِ اَسَامِي السُّوَرِ وَعَدِّ الْآيِ وَهُوَ وَاِنْ كَانَ اِحْدَاثًا فَهُوَ بِدْعَةٌ حَسَنَةٌ وَكَمْ مِنْ شَيْءٍ كَانَ اِحْدَاثًا وَهُوَ | سورتوں کے نام اور آیتوں کی تعداد لکھنے میں حرج نہیں یہ اگرچہ بدعت ہے لیکن بدعت حسنہ ہے اور بہت سی چیزیں بدعت ہیں لیکن اچھی ہیں

حَسَنٌ وَّكَمْ مِنْ شَيْءٍ يَخْتَلِفُ بِاخْتِلَافِ الزَّمَانِ وَالْمَكَانِ ـ

اور بہت سی چیزیں زمانہ اور ملک کے بدلنے سے بدل جاتی ہے ـ

اس کی بہت تفصیل ہم پہلی بحثوں میں کر چکے ہیں ـ تیسرے یہ کہ کاٹھیاواڑ وغیرہ میں میت کے آگے اس طرح نعت شریف پڑھتے ہیں کہ سننے والے جان لیتے ہیں کہ کسی کا جنازہ جا رہا ہے لہذا گھروں میں جو ہوتے ہیں وہ بھی نماز جنازہ کے لیئے نکل آتے ہیں ـ تو یہ نعت خوانی میت کا اعلان بھی ہوا اور جنازے کا اعلان کرنا اس نیت سے کہ لوگ نماز جنازے یا دفن میں شرکت کرلیں جائز ہے ـ چنانچہ درمختار دفن میت کی بحث میں ہے ـ

وَلَا بَأْسَ بِنَقْلِهِ قَبْلَ دَفْنِهِ وَبِالْاِعْلَامِ بِمَوْتِهِ وَبِارْثَائِهِ بِشِعْرٍ اَوْغَيْرِهٖ ـ

یعنی میت کو دفن کرنے سے پہلے اس کو منتقل کرنا اس کے جنازے کا اعلان کرنا، میت کا مرثیہ پڑھنا خواہ اشعار میں ہو یا اسکے سوا جائز ہے ـ

اس کی شرح شامی میں ہے ـ

اَیْ اِعْلَامِ بَعْضِهِمْ بَعْضًا لِيَقْضُوْا حَقَّهٗ وَكَرِهَ بَعْضُهُمْ اَنْ يُنَادٰى عَلَيْهِ فِي الْاَزِقَّةِ وَالْاَسْوَاقِ وَالْاَصَحُّ اَنَّهٗ لَا يُكْرَهُ اِذَا لَمْ يَكُنْ مَعَهٗ تَنْوِيْهُهٗ بِذِكْرِهٖ ـ

یعنی جائز ہے کہ بعض لوگ بعض کو خبر دیں تاکہ لوگ اس میت کے حق کو ادا کریں اور بعض لوگوں نے مکروہ جانا ہے یہ کہ گلی کوچوں اور بازاروں میں اس کا اعلان کیا جاوے اور صحیح یہ ہے کہ یہ اعلان مکروہ نہیں ہے جبکہ اس اعلان میں میت کی زیادہ تعریف نہ ہو ـ

جبکہ اعلان جنازہ کے لیئے میت کا مرثیہ یا میت کے نام کا اعلان جائز ہے تو اعلان جنازہ کی نیت سے نعت شریف یا کلمہ طیبہ بلند آواز سے پڑھنا کیوں حرام ہے؟ کہ اس میں جنازے کا اعلان بھی ہے ـ اور حضور علیہ السلام کی نعت بھی ـ اس سے معلوم ہوا کہ جس جہر کو فقہاء منع فرماتے ہیں وہ ذکر بلا فائدہ ہے جبکہ اس سے کوئی فائدہ خاص ہو تو جائز ہے ـ اسی لیئے علامہ شامی نے اسی بحث میں تتارخانیہ سے نقل کیا ـ

وَاَمَّا رَفْعُ الصَّوْتِ عِنْدَ الْجَنَائِزِ فَيَحْتَمِلُ اَنَّ الْمُرَادَ مِنْهُ النَّوْحُ اَوِالدُّعَاءُ

لیکن جنازوں کے پاس بلند آواز کرنا اس میں یہ احتمال ہے کہ اس سے مراد نوحہ کرنا یا میت کے لئے نماز

لِلْمَيِّتِ بَعْدَ مَا افْتَتَحَ النَّاسُ الصَّلٰوةَ اَوِالْاِفْرَاطِ فِىْ مَدْحِهٖ كَعَادَةِ الْجَاهِلِيَّةِ بِمَا هُوَ يَشْبَهُ الْمُحَالَ وَاَمَّا اَصْلُ الثَّنَاءِ عَلَيْهِ فَغَيْرُ مَكْرُوْهٍ۔	شروع ہو چکنے کے بعد دعا کرنا یا اس کی تعریف میں مبالغہ کرنا ہے جیسا کہ اہل جاہلیت کی عادت تھی لیکن میت کی تعریف کرنا یہ مکروہ نہیں ہے۔

حاصل یہ ہے کہ بے فائدہ بلند آواز کرنا منع ہے اور با فائدہ ذکر کرنا بلا کراہت جائز ہے فی زمانہ اس میں بہت سے وہ فائدے ہیں جو کہ عرض کر دیئے گئے۔ چوتھے یہ کہ اس ذکر سے ممانعت خاص اہل علم کو ہے۔ اگر عوام مسلمین ذکر کریں تو ان کو منع نہ کیا جاوے۔ فقہاء کرام فرماتے ہیں کہ عوام کو ذکر الٰہی سے نہ روکو کیونکہ وہ پہلے ہی سے ذکر الٰہی سے بے رغبت ہیں۔ اب جس قدر ذکر کریں کرنے دو۔ درمختار باب صلوٰۃ العیدین میں ہے۔

وَلَا يُكَبِّرُ فِىْ طَرِيْقِهَا وَلَا يَتَنَفَّلُ قَبْلَهَا مُطْلَقًا وَكَذَا لَا يَتَنَفَّلُ بَعْدَهَا فِىْ مُصَلَّاهَا فَاِنَّهٗ مَكْرُوْهٌ عِنْدَ الْعَامَّةِ۔	عیدگاہ کے راستہ میں تکبیر نہ کہے اور نہ عید سے پہلے نفل پڑھے اور نماز عید کے بعد بھی عیدگاہ میں نفل نہ پڑھے کیونکہ یہ عام فقہاء کے نزدیک مکروہ ہے۔

پھر فرماتے ہیں۔

هٰذَا لِلْخَوَاصِّ اَمَّا الْعَوَامُ فَلَا يُمْنَعُوْنَ مِنْ تَكْبِيْرٍ وَّلَا تَنَفُّلٍ اَصْلًا لِقِلَّةِ رَغْبَتِهِمْ فِى الْخَيْرَاتِ۔	یہ حکم خاص لوگوں کے لئے ہے لیکن عوام کو اس سے منع نہ کیا جاوے نہ تکبیر کہنے سے اور نہ نفل پڑھنے سے کیونکہ ان کی رغبت کار خیر میں کم ہے۔

اس کے ماتحت شامی میں ہے اَىْ لَا سِرًّا وَّلَا جَهْرًا فِى التَّكْبِيْرِ یعنی ان کو آہستہ اور بلند آواز سے تکبیر کہنے سے نہ روکا جاوے۔ نیز ہم ذکر بالجہر کی بحث میں بحوالہ شامی باب العیدین ذکر کر چکے ہیں کہ کسی نے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ لوگ بازاروں میں بلند آواز سے تکبیریں کہتے ہیں کیا ان کو منع کیا جاوے فرمایا کہ نہیں۔ ان تمام عبارات سے معلوم ہوا کہ بعض موقعوں پہ خواص کو کسی خاص ذکر سے منع کیا جاتا ہے لیکن عوام کو روکنے کا حکم نہیں۔ اسی لیے فقہاء نے یہ تو فرما دیا۔ کہ جنازے کے آگے بلند آواز سے ذکر نہ کرو لیکن یہ نہ فرمایا کہ ذکر کرنے والوں کو اس سے روک بھی دو۔

اس جواب کا خلاصہ یہ ہوا کہ اولاً تو یہ ممانعت کراہت تنزیہی کی بنا پر ہے دوم یہ کہ پہلے زمانہ کے لیئے تھی اب یہ حکم بدل گیا۔ کیونکہ علت حکم بدل گئی۔ تیسرے یہ کہ چونکہ اس ذکر سے جنازہ کا اعلان ہے لہٰذا فائدے مند ہے جائز ہے۔ چوتھے یہ کہ یہ حکم خاص لوگوں کے لیئے ہے عامۃ المسلمین اگر ذکر الٰہی کریں تو اُن کو منع نہ کیا جاوے۔

اعتراض (۲) جنازے کے آگے بلند آواز سے ذکر کرنا ہندوؤں سے مشابہت ہے کیونکہ وہ چیختے جاتے ہیں "رام رام ست ہے" اور تم بھی شور مچاتے ہوئے جاتے ہو۔ اور کفار سے مشابہت ناجائز ہے لہٰذا یہ منع ہے۔

جواب: کفار بتوں کا نام پکارتے ہیں۔ اور ہم خدائے قدوس کا ذکر کرتے ہیں پھر مشابہت کہاں رہی۔ کفار بت کے نام پر جانور ذبح کرتے ہیں ہم خدا کے نام پر۔ کفار گنگا سے گنگا کا پانی لے کر آتے ہیں۔ ہم مکہ معظمہ سے آب زمزم لاتے ہیں۔ یہ مشابہت نہ ہوئی نیز جو کام کہ کفار کے قومی یا مذہبی نشان بن گئے ہوں۔ ان میں مشابہت کرنا منع ہے نہ کہ ہر کام میں اگر کافر بھی اپنے جنازوں کے آگے کلمہ پڑھنے لگیں۔ تو شوق سے پڑھیں یہ اچھا کام ہے۔ اور اچھے کام میں مشابہت بُری نہیں ہوتی۔

اعتراض (۳) راستہ میں کلمہ طیبہ آواز سے پڑھنا بے ادبی ہے کیونکہ وہاں گندگی وغیرہ ہوتی ہے لہٰذا منع ہے۔

جواب: یہ اعتراض محض لغو ہے۔ فقہاء کرام نے تصریح فرمائی ہے کہ راستوں میں چلتے ہوئے ذکر جائز ہے۔ ہاں جو جگہ نجاست ڈالنے کے لیئے بنائی گئی ہو وہاں ذکر بالجہر منع ہے جیسے کہ پاخانہ یا گھورا (روڑی) شامی بحث قرءت عند المیت میں ہے۔ وَفِي الْقُنْيَةِ لَا بَأْسَ بِالْقِرَءَةِ رَاكِبًا اَوْ مَاشِيًا اِذَا لَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ الْمَوْضِعُ مُعَدًّا لِلنَّجَاسَةِ۔ سوار یا پیدل چلتے ہوئے قرآن پڑھنے میں حرج نہیں جبکہ وہ جگہ نجاست کے لیئے نہ بنائی گئی ہو۔ قرآن بغل میں لے کر راستہ سے گزرنا جائز ہے اور پاخانہ میں لے جانا منع ہے۔ نیز بقر عید کے دن حکم ہے کہ عیدگاہ کے راستے میں بلند آواز سے تکبیر تشریق کہتا ہوا جاوے۔ درمختار باب صلوٰۃ العیدین میں ہے۔ وَيُكَبِّرُ جَهْرًا اِتِّفَاقًا فِي الطَّرِيْقِ راستے میں بلند آواز سے تکبیر کہے۔ حالانکہ راستے میں نجاست وغیرہ ہوتی ہے۔ اسی طرح فقہاء فرماتے ہیں کہ حمام میں تسبیح و تہلیل بلند آواز سے جائز ہے۔